29اپریل2014ء

جناب اشرف محمود وتھرا کو گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان مقرر کردیا گیا

اسٹیٹ بینک آف پاکستان ایکٹ کی شق 10(3) کے تحت صدر پاکستان نے جناب اشرف محمود وتھرا کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا گورنر مقرر کردیا ہے۔ 28 اپریل 2014ء کو حکومت پاکستان کی وزارتِ خزانہ (انٹرنل فنانس ونگ)، اسلام آباد کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق جناب وتھرا کو عہدہ سنبھالنے کی تاریخ سے تین سال کی مدت کے لیے گورنر مقرر کیا گیا ہے۔ وہ 1948ء میں اسٹیٹ بینک کے قیام کے بعد 18 ویں گورنر ہیں۔ آج انہوں نے گورنر اسٹیٹ بینک کے عہدے کا چارج سنبھالا۔ بطور گورنر اسٹیٹ بینک تقرر سے قبل انہیں 31 جنوری 2014ء کو کاروباری دن کے اختتام سے قائم مقام گورنر اسٹیٹ بینک مقرر کیا گیا تھا۔

قبل ازیں 11 مارچ 2013ء کو جناب وتھرا کو ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان مقرر کیا گیا تھا۔

جناب وتھرا کمرشل اور سرمایہ کاری بینکاری کا 36 سالہ تجربہ بھی رکھتے ہیں۔ اسٹیٹ بینک سے وابستہ ہونے سے قبل وہ اکتوبر 2012ء سے نیشنل بینک آف پاکستان میں سینئر ایگزیکٹو وائس پریزیڈنٹ اور گروپ چیف، کریڈٹ مینجمنٹ گروپ کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے تھے۔

نیشنل بینک سے قبل انہوں نے اپریل 1999ء سے ستمبر 2012ء تک حبیب بینک لمیٹڈ میں مختلف ذمہ دار عہدوں پر بیرون ملک فرائض انجام دیے۔ وہ ریگولیٹری نظاموں جیسے سنگاپور، ہانگ کانگ، آسٹریلیا، سری لنکا، بنگلہ دیش اور نیپال میں خدمات انجام دینے کا تجربہ رکھتے ہیں۔ بیرون ملک ذمہ داریاں نبھانے سے قبل وہ 90ء کی دہائی کے اواخر میں حبیب بینک لمیٹڈ کے ہیڈ آفس میں گروپ ایگزیکٹو آڈٹ، ریویو بی آر آر اور گروپ ایگزیکٹو ریمیڈیل مینجمنٹ فرائض انجام دیتے رہے۔

مئی 1992ء سے مارچ 1999ء تک وہ ایگزیکٹو وائس پریزیڈنٹ اور کنٹری رسک منیجر، ایگزیکٹو وائس پریزیڈنٹ اور ریجنل منیجر اور سینئر وائس پریزیڈنٹ اور چیف منیجر جیسے سینئر عہدوں پر فیصل بینک لمیٹڈ سے بھی وابستہ رہے۔ جناب وتھرا نے 1978ء سے 1992ء تک بی آر آر کیپٹل مضاربہ، ایمریٹس بینک انٹرنیشنل، امریکن ایکسپریس بینک لمیٹڈ اور اے این زیڈ گرنڈلیز بینک میں بھی خدمات انجام دیں۔ انہوں نے حبیب فنانس انٹرنیشنل، ہانگ کانگ اور حبیب فنانس، آسٹریلیا میں بطور ڈائریکٹر بھی ذمہ داریاں نبھائیں۔ وہ تقریباً آٹھ سال ہمالین بینک لمیٹڈ، نیپال کے ڈائریکٹر اور وائس چیئرمین رہے۔

جناب وتھرا بزنس ایڈمنسٹریشن میں ماسٹرز ڈگری رکھتے ہیں اور وارٹن/ایس ایم یو جنرل مینجمنٹ پروگرام میں شریک ہوچکے ہیں۔ جناب وتھرا کو کاروباری یونٹوں کی تشکیل نو اور تنظیم نو کا وسیع تجربہ ہے۔ وہ سرمایہ کاری بینکاری اور کمرشل بینکاری آپریشنز، تجارتی مالکاری مصنوعات اور ان کے ڈیلیوری سسٹمز کا بھرپور علم رکھتے ہیں۔ برطانوی، امریکی، عرب اور پاکستانی بینکوں سے وابستگی کے باعث وہ متنوع ثقافتوں میں کام کرنے کا تجربہ رکھتے ہیں۔

☆☆☆